**AQF / Fazil**

**03-04-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................. نتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے ''جن وِشواس'' دفعات کے ترمیمی بل کے منظور ہونے کا یہ کہتے ہوئے خیر مقدم کیا ہے کہ اس سے رہن سہن اور کاروبار کرنے میں اور زیادہ سہولت ہوگی۔

2- انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال کے مالدہ ضلع میں SIR عمل کے دوران جیوڈیشل افسروں کو یرغمال بنائے جانے کے معاملے کی تحقیقات NIA کے سپرد کر دی ہے۔

3- بھارتی بحریہ کے ملک میں ہی بنائے گئے، جدید طرز کے جنگی بحری جہاز Taragiri کو آج وشاکھاپٹنم میں پانی میں اُتارا جائے گا۔

4- اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل Antonio Guterres نے مغربی ایشیاء محاذ آرائی کا پُر امن حل نکالے جانے پر زور دیا ہے۔

5- کھیلو انڈیا قبائلی گیمز آج شام چھتیس گڑھ میں ختم ہو جائیں گے۔ کرناٹک سونے کے 23 تمغوں کے ساتھ سرِ فہرست ہے۔

6- اور IPL کرکٹ میں، کل رات کولکاتہ میں سن رائزرس حیدرآباد نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو 65 رن سے ہرا دیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-JANVISHWAS BILL**

وزیر اعظم نریندر مودی نے پارلیمنٹ میں ''جن وِشواس'' دفعات کے ترمیمی بل 2026 کے منظور ہونے کا یہ کہتے ہوئے خیر مقدم کیا ہے کہ اس سے رہن سہن اور کاروبار کرنے میں اور زیادہ سہولت ہوگی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم نے کہا کہ مذکورہ بل سے اعتماد پر مبنی فریم ورک کو تقویت ملے گی، جو شہریوں کو بااختیار بنائے گا اور یہ فرسودہ ضابطوں کو

ہٹانے کا ایک عمل ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ اس سے کیسوں کو تیزی کے ساتھ نمٹانے اور مقدمات کے بوجھ کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مذکورہ بل تیار کرتے وقت صلاح مشورہ کرنے کا جو موقف اختیار کیا گیا، وہ قابلِ ذکر ہے۔ جناب مودی نے اُن سبھی لوگوں کی ستائش کی، جنہوں نے اپنی-اپنی رائے کا اظہار کیا اور پارلیمنٹ میں اس کی منظوری کی حمایت کی۔ پارلیمنٹ نے جَن وِشواس دفعات کے ترمیمی بل کو کل منظوری دی۔ راجیہ سبھا نے کل اسے پاس کر دیا، جبکہ لوک سبھا نے بدھ کے روز مذکورہ بل منظور کیا تھا۔

مذکورہ بل میں رہن سہن اور کاروبار کرنے میں اور زیادہ سہولت کیلئے اعتماد پر مبنی حکمرانی کو مزید وسعت دینے کی خاطر بعض دفعات میں ترمیم کی گئی ہے۔ مذکورہ بل کی رو سے معمولی خلاف ورزیوں کو فوجداری جرم کے دائرے سے باہر رکھا جائے گا اور جرم کے لحاظ سے جرمانے پر نظرثانی جیسے اقدامات نافذ کیے جائیں گے۔ اس میں 23 وزارتوں کے تحت اُناسی مرکزی قوانین میں ترمیم کی تجویز ہے۔ مجموعی طور پر 784 دفعات میں ترمیم کیے جانے کی تجویز ہے۔×

## PM-DENIS MANTUROV MEET

روس کے اوّل نائب وزیراعظم Denis Manturov نے نئی دلّی میں وزیراعظم نریندر مودی سے ملاقات کی۔ کل میٹنگ کے دوران جناب Manturov نے باہمی اشتراک کے مختلف شعبوں میں پیشرفت کے سلسلے میں وزیراعظم کو تفصیل سے بتایا، جن میں تجارت اور اقتصادی شراکت داری، کھاد، کنکٹی وِٹی اور عوام سے عوام کے رابطے شامل ہیں۔ جناب مودی نے گزشتہ برس دسمبر میں 23 ویں بھارت-روس سالانہ سمٹ کیلئے روسی صدر ولادیمیر پوتن کے بھارت کے کامیاب دورے کو یاد کیا۔ جناب مودی نے سالانہ سربراہ کانفرنس کے نتائج کے نفاذ کے سلسلے میں طرفین کی جانب سے کی جارہی مسلسل کوششوں پر اطمینان کا اظہار کیا، جن کا مقصد بھارت-روس خصوصی اور کلیدی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنا ہے۔×

## WB-CBI INVESTIGATION

اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے مالدہ کیس کی تحقیقات قومی جانچ ایجنسی NIA کے سپرد کر دی ہے۔ NIA کی ٹیم آج مغربی بنگال پہنچ رہی ہے۔ سپریم کورٹ نے کل مالدہ ضلعے میں SIR عمل میں شامل 7 جیوڈیشل عہدیداروں کو یرغمال بنائے جانے کا سنگین نوٹس لیا تھا۔ عدالت نے اسے قابلِ مذمت قرار دیا تھا اور کوئی کارروائی نہ کرنے پر ریاست کے داخلہ سکریٹری، ڈائریکٹر جنرل پولیس اور دیگر عہدیداروں سے جواب طلب کیے تھے۔

عدالتِ عالیہ نے انتخابی کمیشن کو ہدایت دی تھی کہ وہ CBI یا NIA سے چھان بین کرانے کا حکم دے اور جیوڈیشل افسروں کی سکیورٹی کو بلا تاخیر یقینی بنائے، جس میں ضرورت پڑنے پر مرکزی فورسز کی تعیناتی بھی شامل ہے۔سپریم کورٹ کی ہدایت کی تعمیل کرتے ہوئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس معاملے میں ابتدائی رپورٹ 6 اپریل کو عدالتِ عالیہ میں پیش کی جائیگی۔

**KERALAM COMPAIGNING**

کیرالم میں، چناؤ مہم ختم ہونے میں اب جبکہ صرف 5 دن باقی رہ گئے ہیں، ریاست کے سبھی 140 اسمبلی حلقوں میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے امیدوار رائے دہندگان کو راغب کرنے کیلئے اپنی کوششیں تیز کر رہے ہیں اور آخری لمحات کی حکمتِ عملی مرتب کر رہے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C - Smithy M Palluruthy**

*ریاست میں، سبھی بڑے چناؤ محاذوں کی طرف سے اپنا-اپنا انتخابی منشور جاری ہونے کے ساتھ ہی چناؤ مہم میں اور تیزی آگئی ہے۔ NDA کے بعد UDF اور LDF نے بھی کل اپنا-اپنا چناؤ منشور جاری کر دیا۔ NDA کی انتخابی مہم میں شامل ہونے کیلئے مرکزی وزیر اور BJP کے سرکردہ لیڈر جے پی نڈّا آج دیگر قومی رہنماؤں کے ساتھ تروانت پورم پہنچ رہے ہیں۔ BJP کی سرکردہ لیڈر اسمرتی ایرانی Aruvikkara میں BJP امیدوار کی حمایت میں ایک روڈ شو میں شامل ہوں گی۔LDF کی طرف سے C P M کے ریاستی سکریٹری ایم-وی گووِندن تروانت پورم کے نزدیک Vamanapuram حلقے میں، جبکہ CPI کے Binoy Viswam بھی وہاں چناؤ مہم میں شامل ہوں گے۔ UDF کی طرف سے کانگریس ورکنگ کمیٹی کے ممبر دیپندر سنگھ ہڈا تروانت پورم میں انتخابی سرگرمیوں میں شرکت کریں گے۔ کرناٹک کے نائب وزیر اعلیٰ اور کانگریس کے سرکردہ لیڈر ڈی-کے شیو کمار Vattiyoorkavu میں UDF کی چناؤ مہم میں شامل ہوں گے۔*

*تروانت پورم سے Smithy M Palluruthy کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**KERALAM-HARIPAD ASSEMBLY**

اسمبلی حلقوں کی خصوصیات سے متعلق ہماری خصوصی سیریز میں آج کیرالم میں ہری پد اسمبلی سیٹ کی سیاسی اہمیت پر توجہ مرکوز کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Smithy M Palluruthy**

*ہری پد اسمبلی حلقہ اپنے ٹھہرے ہوئے پانی کے دریا اور Payippad Jalosavam جیسی کشتیوں کی روایتی دوڑ کیلئے جانا جاتا ہے۔ اِس وقت اس حلقے سے 6 امیدواروں کے درمیان انتخابی مقابلہ ہے۔ موجودہ MLA اور انڈین نیشنل کانگریس کے اپوزیشن رہنما میش Chennithala ہری پد سے UDF کے امیدوار ہیں۔ CPI کے TT Jismon ایل ڈی ایف کے امیدوار ہیں، جبکہ NDA نے BJP کے سندیپ Vachaspathi کو چناؤ میدان میں اُتارا ہے۔ 2021 کے چناؤ*

کے دوران رمیش Chennithala نے CPI کے R. Sajilal کو 13 ہزار سے زیادہ ووٹوں کے فرق سے ہرایا تھا۔ 2016 کے انتخابات میں بھی 18 ہزار سے زیادہ ووٹوں کے فرق سے رمیش Chennithala کو ہری پد سے منتخب کیا گیا تھا۔

تروانت پورم سے Smithy M Palluruthy کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

**PUDUCHERY PM VISIT**

وزیر اعظم نریندر مودی آج سہ پہر پدوچیری پہنچ رہے ہیں، جہاں وہ انتخابی مہم میں شامل ہوں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ جناب مودی ایک روڈ شو کریں گے اور پارٹی کارکنوں اور عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V/C - Bibin S. Nath

جناب مودی سہ پہر سوا چار بجے کے آس پاس پدوچیری ہوائی اڈے پر پہنچیں گے، جہاں سے وہ Ajanta Signal جنکشن روانہ ہو جائیں گے۔ اسی مقام سے روڈ شو کا آغاز ہوگا، جو تقریباً ایک اعشاریہ دو کلو میٹر کے راستے سے گزرنے کے بعد Kamarajar مجسمے کے نزدیک ختم ہو جائے گا۔ NDA کے لیڈر اور امیدوار بھی وزیر اعظم کے ہمراہ ہوں گے۔ جناب مودی پارٹی کارکنوں اور حامیوں سے ملیں گے۔ تقریباً 30 ہزار لوگوں کے اس میں شامل ہونے کی امید ہے۔ وزیر اعظم کے دورے کے مدنظر سکیورٹی کے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔ ایک ہزار سے زیادہ پولیس اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ چناؤ ڈیوٹی کیلئے وہاں نیم فوجی فورسز بھی موجود ہیں۔

پدوچیری سے Bibin S Nath کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**RAJNATH-FRIGATE TARAGIRI**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج وشاکھاپٹنم میں جدید طرز کے چھوٹے بحری جہاز تارا گری کو بحریہ میں شامل کئے جانے کی تقریب میں شرکت کریں گے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب سنگھ نے کہا کہ اس جہاز کو بحریہ میں شامل کئے جانے سے ملک کے مشرقی ساحل کی کلیدی اور بحری اہمیت کی عکاسی ہوتی ہے۔ اِس سے آتم نربھر بھارت کے مقاصد کی مضبوطی کے ساتھ پابندی کرتے ہوئے بحریہ کی کارروائی کیلئے تیاری اور اپنی کارکردگی کو مستحکم کرنے کی خاطر مسلسل توجہ کا بھی اظہار ہوتا ہے۔

**RAJNATH-IGOM MEETING**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے مغربی ایشیاء کی صورتحال کی مسلسل نگرانی کی اہمیت اور کسی بھی طرح کی ہنگامی صورتحال سے مجموعی طور پر نمٹنے کی ضرورت کو اُجاگر کیا ہے۔ کل نئی دلّی میں وزراء کے گروپ کی دوسری میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جناب سنگھ نے مطلع کیا کہ وزراء کے گروپ کو جاری محاذ آرائی کے پیش نظر حکومت کی جانب سے کئے گئے اقدامات سے آ گاہ کرایا گیا۔ وزارت دفاع نے کہا کہ اِن اقدامات سے ٹیکسٹائل، پیکیجنگ اور ادویات سمیت مختلف شعبوں میں قیمتوں کے دباؤ میں کمی آئے گی، ملک میں سپلائی نظام کو مستحکم بنانے میں سہولت پیدا ہوگی اور بھارت میں سرمایہ کاری کرنے والے سرمایہ کاروں کیلئے لازمی واضح کیفیت فراہم ہوگی۔ گروپ کو مطلع کیا گیا کہ LPG تقسیم کرنے والوں کے یہاں اِس کے ختم ہونے کی کوئی خبر نہیں ہے اور LPG کے گھریلو سیلنڈروں کی فراہمی معمول کے مطابق جاری ہے۔×

**IOS SAGAR-DEFENCE**

دفاع کے وزیر مملکت سنجے سیٹھ نے ممبئی سے بحر ہند کے جہاز ساگر کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ کل اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب سیٹھ نے کہا کہ IOS ساگر پہل سے شراکت داری کے ذریعہ قیادت، اتحاد کے ذریعہ مضبوطی اور امن کے ذریعہ ترقی کے بھارت کے مشترکہ ویژن کی عکاسی ہوتی ہے۔ انہوں نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ پڑوس مقدم اور ویژن مہاساگر کا بھارت کا نظریہ، سلامتی کے سلسلے میں باہمی اور مجموعی پیش رفت، خطے بھر میں ترقی اور ایک آزاد، کھلے اور سب کی شمولیت والے بھارت بحرالکاہل کیلئے سبھی ممالک کے مفاد میں ہے۔ بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دنیش کے ترپاٹھی نے اپنے خطاب میں ایک آزاد، کھلے اور محفوظ بحرہند کو یقینی بنانے کیلئے مشترکہ طریقہ کار کی ضرورت کو اُجاگر کیا۔

**0815-Dinesh K Tripathi**

**UN CHIEF WEST ASIA**

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل Antonio Guterres نے مغربی ایشیاء محاذ آرائی کا پُر امن حل نکالے جانے پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ امریکہ اور اسرائیل اس جنگ کو روکیں، جس سے شدید انسانی بحران کی کیفیت پیدا ہو رہی ہے اور تباہ کُن اقتصادی مضمرات سامنے آ رہے ہیں۔ انہوں نے ایران سے بھی ہمسایہ ملکوں پر حملے بند کرنے کو کہا۔ نیویارک میں سلامتی کونسل کے باہر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے اقوام متحدہ کے سربراہ نے کہا کہ جنگ جاری رہنے کے تناظر میں لوگوں کی پریشانیاں دن بہ دن بڑھتی جا رہی ہیں۔ جناب گُتریس نے کہا کہ تنازعات کو پُر امن طریقے سے حل کیا جانا چاہیے اور سبھی ممبر ملکوں کے اقتدارِ اعلیٰ اور علاقائی سالمیت کا احترام کیا جانا چاہیے۔×

**FOREIGN SEC-UK**

خارجہ سکریٹری وِکرم مصری نے مغربی ایشیاء کی صورتحال پر برطانیہ کے وزیر خارجہ کی جانب سے بلائی گئی میٹنگ میں بھارت کی نمائندگی کی۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ میٹنگ کے دوران جناب مصری نے آزادانہ طور پر جہاز رانی کے اصولوں کی اہمیت اور بین الاقوامی آبی گزرگاہوں کے ذریعہ بلارکاوٹ نقل وحمل کی اہمیت کو اُجاگر کیا۔×

**KERALAM GOOD FRIDAY**

دنیا بھر میں مسیحی برادری کے لوگ آج عیسیٰ مسیح کو مصلوب کیے جانے کی یاد میں **Good Friday** منا رہے ہیں۔ گرجا گھروں میں بڑی تعداد میں لوگ دعائیہ اجتماعات میں شامل ہو رہے ہیں۔

اِدھر کیرالم کے تروانت پورم میں سینٹ جازف میٹرو پولیٹن **Cathedral** اور **St. Mary's Cathedral** سمیت بڑے گرجا گھروں میں دعائیہ اجتماعات ہو رہے ہیں۔ یہ مقدس ہفتہ اتوار کو ایسٹر کے ساتھ اختتام پذیر ہوگا۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے **IMD** نے کل تک جموں وکشمیر، لداخ، ہماچل پردیش، پنجاب، چنڈی گڑھ، ہریانہ، راجستھان، دلّی، مدھیہ پردیش، مدھیہ مہاراشٹر اور مراٹھواڑہ میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور ژالہ باری ہونے کے تناظر میں اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آج مغربی اترپردیش، گجرات، وِدربھ، مشرقی مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، اڈیشہ، تلنگانہ اور شمال مشرقی ریاستوں میں بھی گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ ساحلی آندھراپردیش، اندرونی کرناٹک، ساحلی کرناٹک، کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں آئندہ دو سے تین روز کے دوران اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ اس دوران اُڈیشہ اور گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال میں کل تک گرمی اور ہبس والا موسم رہے گا۔×

**KHELO INDIA TRIBAL GAMES**

کھیلو انڈیا قبائلی گیمس، آج چھتیس گڑھ میں اختتام پذیر ہوجائیں گے۔ اِن کی آج شام رائے پور میں اختتامی تقریب ہوگی، جس میں وزیراعلیٰ وِشنو دیو سائے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ اس موقع پر بین الاقوامی مکّے باز میری کوم اور مقبول فٹبال کھلاڑی بھائی چُنگ بھوٹیا بھی خصوصی مہمانوں کے طور پر موجود رہیں گے۔

آج مردوں کے فٹبال کا فائنل چھتیس گڑھ اور مغربی بنگال کے درمیان کھیلا جائے گا۔ کرناٹک سونے کے **23** تمغوں کے ساتھ سرفہرست ہے، جس کے بعد اُڈیشہ سونے کے **20** تمغے حاصل کرکے دوسرے مقام پر، جبکہ جھارکھنڈ سونے کے **12** تمغوں کے ساتھ تیسری پوزیشن پر ہے۔×

**SAFF-U-20**

آج مالدیپ کے مالے میں جنوب ایشیائی فٹبال فیڈریشن میں انڈر-20 چمپیئن شپ کا فائنل مقابلہ دفاعی چمپیئن بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان کھیلا جائے گا۔ بھارت، بھوٹان کو پانچ-صفر سے ہراکر فائنل میں پہنچا ہے، جبکہ بنگلہ دیش نے نیپال کو سیمی فائنل میں ایک-صفر سے ہرایا تھا۔ گروپ مرحلے میں اِس سے پہلے دو ٹیموں کے درمیان مقابلہ ایک-ایک گول سے برابر پر رہا تھا۔

**IPL-CRICKET**

انڈین پریمئر لیگ IPL کرکٹ میں کل رات کولکاتا کے ایڈن گارڈن میں سنرائزر حیدرآباد نے کولکاتا نائٹ رائڈرس کو 65 رن سے ہرادیا۔ کولکاتا نائٹ رائڈرس کو 227 رن کا جیت کا نشانہ ملا تھا، لیکن اُس کی ٹیم محض 16 اوورس میں 161 رن بناکر آل آؤٹ ہوگئی۔ اِس سے قبل پہلے بلے بازی کرتے ہوئے حیدرآباد نے مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ کے نقصان پر 226 رن بنائے تھے۔ Heinrich Klaasen نے حیدرآباد کیلئے 35 گیندوں میں 52 رن اسکور کئے، جبکہ کولکاتا کیلئے Angkrish رگھوونشی نے 29 گیندوں میں 52 رن بنائے۔ کولکاتا کیلئے نتیش کمار ریڈی نے 24 گیندوں میں 39 رن بنائے اور دو وکٹ حاصل کئے۔ اُنہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے، چنئی سُپر کنگس کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔×

**FACT CHECK MIRANDA HOUSE**

سرکار نے، انٹرنیٹ پر سرکولیٹ کرنے والے ایک ویڈیو کو مسترد کر دیا ہے، جس میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ مغربی ایشیاء جنگ کے تناظر میں Miranda House کے طلبا LPG بحران کی وجہ سے خوراک کی قلت کے معاملے پر ہوسٹل کے حکام کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں۔

پریس انفارمیشن بیورو PIB کے حقائق کا پتہ لگانے والے شعبے نے یہ وضاحت کی ہے کہ یہ دعویٰ گمراہ کُن ہے اور ہوسٹل کی رسوئی میں PNG کنیکشن ہے اور کالج میں LPG کا کوئی بحران نہیں ہے۔ PIB نے لوگوں کو یہ صلاح دی ہے کہ وہ صرف سرکاری اور مصدقہ ذرائع پر ہی بھروسہ کریں اور جانکاری کو شیئر کرنے سے پہلے اس کی تصدیق کر لیں۔

اُس نے لوگوں سے زور دے کر یہ بھی کہا ہے کہ وہ اس طرح کے گمراہ کُن یا جوڑ توڑ کر کے بنائے گئے Content کے بارے میں اطلاع، فون نمبر پلس نو ایک - آٹھ سات نو نو - سات ایک ایک دو - پانچ نو پر یا ای-میل factcheck@pib.gov.in پر دے سکتے ہیں۔×

<u>یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔</u>

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... ارجمندعلی خان

شکریہ - نتیکا تیاگی

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخباروں کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ روزنامہ پرتاپ نے وزیراعظم نریندر مودی کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے کہ نظامِ حکمرانی کو مسلسل جدید بنانے کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے یہ بات صلاحیت سازی کمیشن کے یوم تاسیس کے موقع پر 'کرم یوگی سادھنا سپتاہ' سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

فرٹیلائزر کمپنیوں کو بڑی راحت، 40 پیٹرو کیمیکل پر کسٹم ڈیوٹی میں چھوٹ کا اعلان۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے اس خبر کو اولیت کے ساتھ صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ یہ فیصلہ مرکزی حکومت کی جانب سے مغربی ایشیاء میں جنگ سے پیدا ہوئے عالمی بحران کو پیش نظر رکھتے ہوئے لیا گیا ہے۔ اسی اخبار کی ایک اور اہم سرخی ہے: روس کے نائب وزیراعظم کی بھارت آمد۔ دونوں ممالک کے درمیان اہم معاہدوں پر ہوں گے دستخط۔

روزنامہ انقلاب نے بنگال اسمبلی الیکشن سے متعلق اس خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ مالدہ میں 7 عدالتی افسران کو یرغمال بنائے جانے پر سپریم کورٹ شدید برہم۔ الیکشن کمیشن کو کارروائی کی ہدایت۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی ایک اہم سرخی ہے: نتیش 10 اپریل کو راجیہ سبھا کی رکنیت کا حلف لیں گے۔

اخبارات میں شائع ہونے والی اہم بین الاقوامی خبریں اِس طرح ہیں۔

☆ آبنائے ہرمز کھلوانے کیلئے برطانیہ کی 40 ممالک کا ہنگامی اجلاس بلانے کی تیاری۔

☆ ایرانی شہریوں پر پابندی کی خبریں بے بنیاد-متحدہ عرب امارات۔ ×

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے ''جَن وِشواس'' دفعات کے ترمیمی بل کے منظور ہونے کا یہ کہتے ہوئے خیر مقدم کیا ہے کہ اس سے رہن سہن اور کاروبار کرنے میں اور زیادہ سہولت ہوگی۔

2- انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال کے مالدہ ضلعے میں SIR عمل کے دوران جیوڈیشل افسروں کو یرغمال بنائے جانے کے معاملے کی تحقیقات NIA کے سپرد کر دی ہے۔

3- بھارتی بحریہ کے ملک میں ہی بنائے گئے، جدید طرز کے جنگی بحری جہاز Taragiri کو آج وشاکھاپٹنم میں پانی میں اُتارا جائے گا۔

4- اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل Antonio Guterres نے مغربی ایشیاء محاذ آرائی کا پُر امن حل نکالے جانے پر زور دیا ہے۔

5- کھیلو انڈیا قبائلی گیمز آج شام چھتیس گڑھ میں ختم ہو جائیں گے۔ کرناٹک سونے کے 23 تمغوں کے ساتھ سرِ فہرست ہے۔

6- اور IPL کرکٹ میں، کل رات کولکاتہ میں سن رائزرس حیدرآباد نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو 65 رن سے ہرا دیا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

------------------------------------